# گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین

## شالیمار ٹاؤن (چائنہ سکیم) لاہور

EDUCATE HER EMPOWER THE WORLD




# پراسپیکٹس 2026-2027

# پراسپیکٹس

## گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین

### شالیمار ٹاؤن (چائنہ سکیم) لاہور

**Website: www.gcws.edu.pk**

**gcwslhr**

## Rs. 450/-

"حضور نبی پاکؐ کا فرمان ہے۔ اعمال کا دار مدار نیتوں پر ہے"




ہر وہ کام جو خلوصِ نیت سے کیا جائے وہ ضرور پایا تکمیل تک پہنچتا ہے۔ کیونکہ علم عمل کے بغیر بیکار ہے۔ لہذا ہم سب کو چاہیے کہ اگر ہم نے ترقی کی منازل طے کرنی ہیں اور عروج حاصل کرنا ہے تو صرف اور صرف نیک نیتی کے ساتھ کام کریں۔

"انشااللہ نتائج بہتر سے بہترین ہونگے۔"

آپکی خیر خواہ

پرنسپل مسز سعدیہ ندیم صاحبہ

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین

شالیمار ٹاؤن چائنہ سکیم لاہور

# تعارف

## گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین شالیمارٹاؤن (چائنہ سکیم) لاہور

لاہور شہر کے شمال مشرقی علاقہ میں واقع گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین، شالیمارٹاؤن (چائنہ سکیم)، لاہور کے نام سے پہچانی جانے والی یہ خوبصورت درسگاہ شالیمارٹاؤن ونواحی علاقوں کے ان بیشتر نیم خواندہ خاندانوں کے لیے بے حداہمیت کی حامل ہے جواپنی بچیوں کو گریجوایشن تک تعلیم دلوانے میں دلچسپی رکھتے ہیں لیکن بوجہ فنانشیئل مجبوری دور دراز جگھوں پر نہیں بھیج سکتے تھے۔

گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین، شالیمارٹاؤن (چائنہ سکیم)، لاہور کا باقاعدہ آغاز یکم اگست 2011 سے ہوا۔ اس کی تعمیر پر 11 کروڑ 66 لاکھ 2 ہزار روپے (116.602 Million) لاگت آئی۔

نقشے کے لحاظ سے چائنہ سکیم میں قائم گرلز کالج اپنی تعمیر کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اور ایک خوبصورت بلڈنگ ادارے کی صورت میں موجود ہے جس کا تصور علاقے کے مکین کبھی نہیں کر سکتے تھے۔ اس کالج کا کل رقبہ 42 کنال ہے۔ اس میں 2 وسیع مین گراؤنڈ موجود ہیں اور 16 کنال کو تعمیر کی صورت میں کورڈ کیا گیا ہے۔ بلڈنگ کے گرد موجود گراؤنڈز نے کالج کی خوبصورتی کو چار چاند لگا دیے ہیں۔

کالج کی بلڈنگ میں 8 عدد مختلف سائنس/ آرٹس لیب موجود ہیں۔ درس و تدریس کے لیے 12 کلاس رومز ہیں۔ ایڈمن بلاک بشمول پرنسپل آفس، سٹاف روم اور کلریکل آفسز 7 چھوٹے بڑے کمروں پر مشتمل ہیں۔ اس کے علاوہ 8 چھوٹے سب آفس موجود ہیں جو اساتذہ کرام مختلف انتظامی امور کی انجام دہی کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔

کالج ہذا نے 10 اگست 2011 سے کام کرنا شروع کر دیا تھا۔ طالبات کی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے ایف۔اے، ایف۔ایس سی کے ساتھ ساتھ آئی۔سی۔ایس۔آئی کام، بی۔اے، بی ایس سی، بی۔کام کی کلاسز کا اجراء 2013 سے باقاعدہ کر دیا گیا تھا۔

وقت کی تبدیلیوں اور دور جدید کے تقاضوں کے پیش نظر کالج میں جدید کمپیوٹر سنٹر کا اجراء مورخہ 15-02-2012 کو کیا گیا۔ تمام سہولیات سے آراستہ ایک جدید کمپیوٹر لیب موجود ہے۔

اس ادارے کا مقصد طالبات کی علمی ضروریات کو جدید تقاضوں کے مطابق پورا کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں سچا مسلمان اور محب وطن پاکستانی شہری بنانا بھی مقصود ہے۔ اس ضمن میں ان کی کردار سازی کی طرف خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ جس کے لیے کالج ہذا میں موجود مختلف سوسائٹیاں اہم کردار ادا کر رہی ہیں۔ جن کے ذریعے طالبات کی نہ صرف کردار سازی بلکہ انہیں فعال کرنے کے طریقے بھی بتائے جاتے ہیں تاکہ وہ صحت مندانہ سرگرمیوں میں شامل ہو کر ایک بہتر انسان بن سکیں۔ اساتذہ کی سرپرستی کالج کی طالبات کو بلند اخلاقی

رویوں کو اپنانے، باوقار زندگی گزارنے اور اپنی شخصیت کو سنوارنے کے لیے رہنمائی مہیا کرتی ہے۔

اپنی مدد آپ کے تحت کالج میں قائم بک بنک کے ذریعے مستحق نادار اور غریب طالبات کو نا صرف نصابی کتب فراہم کی جاتی ہیں بلکہ علاقے کے مخیر لوگوں کی مدد سے مستحق طالبات کو فیس کی مد میں مالی امداد بھی فراہم کی جاتی ہے تا کہ طالبات بغیر کسی پریشانی کے اپنے تعلیمی سفر کو جاری رکھ سکیں۔

کالج میں اولڈ سٹوڈنیٹس ایسوسی ایشن شالیمارین کا قیام عمل میں لایا جاچکا ہے۔ جدید تقاضوں کے پیش نظر طالبات کو کالج کی سرگرمیوں سے باخبر رکھنے کے لیے باقاعدہ طور پر فیس بک گروپ متعارف کروایا گیا۔ طالبات کی ادبی اور تخلیقی صلاحیتوں کو نکھارنے کے لیے کالج میگزین کونپل کا اجراء کیا گیا۔

سال 2014 میں ڈینگی آگاہی مہم میں ادارہ ہذا نے چیف منسٹر پنجاب ڈینگی آگاہی مہم میں ہراول دستے کا کردار ادا کرتے ہوئے اپنے شالیمار ٹاؤن کو بہترین سروسز سے نوازا جس کی بناء پر ادارے کو چیف منسٹر پنجاب کی طرف سے پذیرائی ملتے ہوئے بہترین کارکردگی کا سر ٹیفکیٹ اور تعریفی لیٹر سے نوازا گیا۔

یہ پذیرائی اس بات کی غمازی ہے کہ ادارہ دن رات نہ صرف طالبات کی ذہنی اور تعلیمی استعداد کار بڑھانے میں مصروف ہے بلکہ کمیونٹی سروسز میں بھی کسی طور پیچھے نہیں ہے اور جہاں اخلاقی اور افرادی قوت کی ضرورت محسوس ہوتی ہے وہاں ادارہ اپنا بھرپور کردار ادا کرتا ہے۔ جس کا ثبوت ادارہ ہذا میں موجود شیلڈز، اسناد اور اعزازات ہیں۔

ان نتائج کو مزید بہتر کرنے کے لیے پرنسپل اور اساتذہ ہمہ وقت سچی لگن اور تمام تر صلاحیتوں کے ساتھ سرگرم عمل ہیں۔ اپنے محدود وسائل کے باوجود طالبات کے تمام مضامین میں ماہانہ ٹیسٹ، دسمبر ٹیسٹ اور پری بورڈ مارچ ٹیسٹ کا نہ صرف انعقاد کیا جاتا ہے بلکہ والدین اساتذہ کی میٹنگ (PTM) کو یقینی بنایا جاتا ہے۔ طالبات کی ذہنی استعداد کو بڑھانے کے لیے سارا سال وقتاً فوقتاً والدین اور اساتذہ کے درمیان باہمی مشاورت اور ملاقات کے جامع پروگرام کو جاری و ساری رکھا جاتا ہے۔ تا کہ دونوں کے باہمی رابطے سے طالبات کے کردار و عمل کو مضبوط کیا جا سکے۔

عرصہ پندرہ سال میں مادر علمی کے جس ننھے پودے کی آبیاری کی گئی تھی، الحمدللہ اب ایک تناور درخت کی شکل اختیار کر گیا ہے۔ بلاشبہ ادارے کی کامیابی میں جہاں کالج انتظامیہ بشمول ٹیچنگ نان ٹیچنگ سٹاف کو یہ کریڈٹ جاتا ہے۔ وہیں علاقے کے سیاسی ارباب اختیار کی خصوصی شفقت اور توجہ نے بھی ادارے کی دن دوگنی رات چوگنی ترقی میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

ادارہ ہذا کی طالبات کی کردار سازی، انہیں فعال کرنے اور صحت مندانہ سرگرمیوں میں مشغول رکھ کر معاشرے کے لیے مفید اور اہم کردار ادا کرنے میں جن اداروں نے عرصہ بارہ سال سے اپنی بے لوث خدمات فراہم کی ہیں ادارہ ان کا مشکور و ممنون ہے۔

ان میں قابل ذکر ہلال احمر پنجاب لاہور، اٹلس ہنڈا (ایجوکیشن ونگ)، یوتھ کونسل فار انٹی نارکوٹکس (سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ لاہور)، ریسکیو 1122، سٹی ٹریفک پولیس لاہور، نظریہ پاکستان ٹرسٹ، انڈس فاؤنڈیشن فار ہیومن ڈویلپمنٹ پاکستان، سینٹرن آرکائیوز آف پاکستان، الاحسان ٹرسٹ ہسپتال، جنگ دی نیوز، آواز گروپ، البراک سائیکولوجیکل گائیڈنگ (محکمہ صحت) اور شالیمار ٹاؤن شامل ہیں۔

ادارہ ہذا کی کامیابی میں جہاں متعدد اداروں کا خصوصی تعاون حاصل رہا ہیں سائنس کے اس جدید دور میں میڈیا نے بھی ادارہ ہذا کو کامیابی سے ہمکنار کرنے میں ایک اہم کردار ادا کیا ہے۔ جس میں بالخصوص سٹی 42 کی کاوشیں قابل تحسین ہیں کیونکہ شمالی لاہور کی اس علمی درسگاہ کو لاہو کر میں جانا پہچانا بنانے اور اس کی غیر معمولی کاوشوں کو اجاگر کرنے میں اس کا بہت اہم کردار رہا ہے۔ طالبات کی بڑھتی ہوئی تعداد اس علاقے کے والدین کا اعتماد اور کالج انتظامیہ کی وہ کارکردگی ہے جو ادارے کو دن بدن ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کو ظاہر کرتا ہے۔ پوسٹ گریجوایٹ کلاسز کا اجراء علاقے کے والدین کی اولین خواہش ہے اِسی خواہش کو مدنظر رکھتے ہوئے محکمہ ہائیر ایجوکیشن نے اِس کالج کو گریجوایٹ کالج کا درجہ دے دیا ہے جس میں اِب AD پروگرام شروع کروا دیا گیا ہے اِس میں پہلے چار سمسٹر میں کامرس، سوشل ورک، اسلامیات اور پولیٹیکل سائنس شامل ہیں۔ گورنمنٹ آف پنجاب ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کی وقتاً فوقتاً خصوصی ہدایات اور رہنمائی بھی ادارہ ہذا کے لیے سرمایہ اختیار رہے۔ جس پر چل کر ادارہ ان شاء اللہ اپنی منزل کو پالے گا۔ ادارہ ہذا کا علمی، فکری، ادبی، ثقافتی سفر جاری ہے اور عزم مصمم ہے کہ جلد اپنی منزل کو پالیں گے وہ منزل کہ جس کا خواب ان شاء اللہ جلد شرمندہ تعبیر ہوگا اور جس مقصد کے لیے یہ ادارہ قائم کیا گیا ہے اس کو بہ احسن وخوبی پورا کرتے ہوئے یہ ادارہ ان شاء اللہ آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ثابت ہوگا۔

# کونسلنگ سینٹر کا قیام

تعلیم انسان کو شعور اور عقل وفہم دینے کا نام ہے۔ تعلیمی اداروں کا ماحول خوشگوار اور تربیت سے بھرپور ہونا چاہیے۔ طالبات کی ضروریات ومسائل کو مدِنظر رکھتے ہوئے تعلیمی سرگرمیاں مرتب کرنے کی ضرورت ہے۔ تعلیمی اداروں سے وابستہ طالبات کو بہت سے ذاتی، سماجی، تعلیمی، معاشی اور نفسیاتی مسائل درپیش ہوتے ہیں۔ اور ان مسائل کی وجہ سے ان کی تعلیمی کارکردگی پر بہت سے بُرے اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ ان مسائل کے پیشِ نظر کالج میں کونسلنگ سنٹر قائم کیا گیا۔ تاکہ طالبات کو درپیش مسائل کا ازالہ کیا جاسکے۔ طالبات کی ایک بڑی تعداد اپنے مسائل خواہ وہ تعلیمی ہوں یا ذاتی ونفسیاتی، کونسلنگ سینٹر سے رجوع کرتی ہیں۔ کونسلنگ سینٹر میں تعینات سٹاف ہر ممکنہ کوشش کے ذریعے طالبات کو رہنمائی ومشاورت مہیا کرتا ہے اور انہیں تعلیمی ماحول میں ایڈجسٹ ہونے کے قابل بناتا ہے۔

# شجرکاری مہم کا انعقاد

سال 2021 سے حکومت پنجاب کی خصوصی ہدایات کے مطابق شجرکاری مہم کا انعقاد کیا گیا۔ سرکاری وغیر سرکاری اداروں کو خصوصی ہدایات دی گئی کہ اس مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں۔ پنجاب بھر کے سرکاری کالجز میں بھی اس مہم کا آغاز ہوا۔ مورخہ 29 جولائی 2021 کو کالج میں باقاعدہ اس مہم کا افتتاح کیا گیا۔ کالج ہذا میں تقریباً 700 پودے لگائے گئے۔ اور کوشش کی جارہی ہے کہ یہ سلسلہ آئندہ مستقبل میں بھی جاری رہے۔ سال 2022 میں بھی کالج میں تقریباً 500 پودے لگوائے گئے۔ تاکہ ماحول کو آلودگی سے بچایا جاسکے اور طالبات کو بہتر سے بہتر ماحول دیا جاسکے۔ سال 2024 میں حکومت پنجاب اور فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کی مدد سے 300 طالبات کو Vegetable Seeds مفت تقسیم کئے گئے تاکہ Kitchen Gardening کا تصور ہر گھر میں متعارف کروایا جاسکے۔ سال 2025 میں بھی کالج میں سینکڑوں میں پودے لگائے گئے۔ سال 2026 میں حکومتِ پنجاب کے وژن کو جاری رکھتے ہوئے شجرکاری مہم بھرپور طریقے سے سرانجام دی گئی۔

# میرٹ سکالرشپ

ہر سال ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے ہونہار طالبات کے لئے سکالرشپ کا اجرا کیا جاتا ہے۔ سال 2021 میں 17 طالبات جبکہ سال

- 2023 میں 66 طالبات کے نام میرٹ سکالرشپ میں بھیجے گئے۔
- سال 2024 میں 16 طالبات کے نام میرٹ سکالرشپ میں بھیجے گئے۔
- سال 2025 میں 45 طالبات کے نام میرٹ سکالرشپ میں بھیجے گئے۔
- سال 2026 میں 60 طالبات کے نام میرٹ سکالرشپ میں بھیجے گئے۔

پرنسپل

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین

شالیمار ٹاؤن چائنہ سکیم لاہور

# کالج کونسل

| | |
|---|---|
| پرنسپل | مسز سعدیہ ندیم صاحبہ |
| وائس پرنسپل | مسز فرازنہ کوثر صاحبہ |
| سینئر سٹاف ممبر | ڈاکٹر مسز ریحانہ کوثر صاحبہ |
| سینئر سٹاف ممبر | مسز ثوبیہ افتخار صاحبہ |
| جونیئر سٹاف ممبر (لیکچرار) | مسز کرن سلطان صاحبہ |
| جونیئر سٹاف ممبر (لیکچرار) | ڈاکٹر سعدیہ انور صاحبہ |
| اسسٹنٹ کمشنر (ریونیو) | سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ لاہور |
| ڈویژنل آفیسر (بلڈنگ) | سٹی ڈسٹرکٹ گورنمنٹ لاہور |
| طالبات کے والدین | (کوئی سے دو) |
| دو سماجی کارکن | (ایم پی اے۔ایم این اے) |
| دو طالبات | (فرسٹ ائیر +ADP) |

# اساتذہ کرام

**شعبہ اُردو:**

مسز نیلم نسیم صاحبہ (لیکچرار)

**شعبہ انگریزی:**

مس قرۃ العین صاحبہ (لیکچرار)

مسز ارم رمضان صاحبہ (لیکچرار)

**شعبہ اسلامیات:**

ڈاکٹر ریحانہ کوثر صاحبہ (اسسٹنٹ پروفیسر)

ڈاکٹر سعدیہ انور صاحبہ (لیکچرار)

### شعبہ سیاسیات:

مسز راحیلہ بتول صاحبہ (لیکچرار)
مس عمارہ ارشد صاحبہ (لیکچرار)

### شعبہ ایجوکیشن:

مسز مریم ناز صاحبہ (لیکچرار)

### شعبہ ریاضی:

مسز جویریہ حنیف صاحبہ (لیکچرار)

### شعبہ فزکس:

مسز عنبرین شاہد صاحبہ (لیکچرار)

### شعبہ کیمسٹری:

سیٹ خالی ہے۔ (اسسٹنٹ پروفیسر)

### شعبہ شماریات:

مسز ثوبیہ افتخار صاحبہ (اسسٹنٹ پروفیسر)

### شعبہ بائیولوجی:

مسز نورین اصغر صاحبہ (لیکچرار)

### شعبہ معاشیات:

مسز فرزانہ کوثر صاحبہ (اسسٹنٹ پروفیسر) وائس پرنسپل
مسز فاطمہ صوفی صاحبہ (لیکچرار)

### شعبہ فارسی:

ڈاکٹر نازیہ لطیف صاحبہ (اسسٹنٹ پروفیسر)

### شعبہ لائبریری سائنس:

مسز کشمالہ اصغر صاحبہ (لائبریرین)
ڈاکٹر طیبہ رسول صاحبہ (لیکچرار)

**شعبہ جغرافیہ:**

مسز کومل فرحت صاحبہ (لیکچرار)

**شعبہ ہوم اکنامکس**

مس ضحیٰ شبیر صاحبہ (لیکچرار)

مس پاکیزہ سجاد صاحبہ (لیکچرار)

**شعبہ سوشل ورک:**

مسز کرن سلطان صاحبہ (لیکچرار)

**شعبہ کامرس:**

مس کلثوم ارشد صاحبہ (لیکچرار)

مس فاطمہ عبداللہ صاحبہ (لیکچرار)

**شعبہ فزیکل ایجوکیشن:**

مسز فرح حنیف صاحبہ (لیکچرار)

**شعبہ نفسیات:**

مس ماہین صاحبہ

**شعبہ کمپیوٹر سائنس:**

مس نمرہ صاحبہ

مس صباء ارشد صاحبہ

محمد سلیمان اکرم (لیب ایڈمنسٹریٹر)

## ہم نصابی سرگرمیاں (Beyond Books)

### افلاک (سائنس سوسائٹی)

مسز عنبرین احسن صاحبہ (انچارج)

مس نورین اصغر صاحبہ (ممبر)

### میراث (نظریہ پاکستان سوسائٹی)

مسز راحیلہ بتول صاحبہ (انچارج)

مس عمارہ ارشد صاحبہ (ممبر)

### Inkspire (انگریزی سوسائٹی)

مس قرۃ العین علی صاحبہ (انچارج)

### سخن ور (اُردو سوسائٹی)

مسز نیلم نسیم صاحبہ (ممبر)

## بزم شیرانی (فارسی سوسائٹی)

ڈاکٹر نازیہ لطیف صاحبہ

## مشعل (تعمیر کردار سوسائٹی)

ڈاکٹر سعدیہ انور صاحبہ (انچارج)
مس قرۃ العین علی صاحبہ (ممبر)

## Zeal (سپورٹس سوسائٹی)

مسز فرح حنیف صاحبہ (انچارج)

## اذکار (اسلامک سوسائٹی)

ڈاکٹر ریحانہ کوثر صاحبہ (انچارج)
ڈاکٹر سعدیہ انور صاحبہ (ممبر)

## تخلیق (ہوم اکنامکس سوسائٹی)

مس ضحیٰ شبیر صاحبہ (انچارج)
مس پاکیزہ سجاد صاحبہ (ممبر)

## Shelf Esteem (لائبریری سوسائٹی)

مسز کشمالہ اصغر صاحبہ (انچارج)

## Scholarship (کمیٹی)

مسز سعدیہ ندیم صاحبہ (چیرمین)
مسز سعدیہ اسحاق صاحبہ (انچارج)
مس ریما اعجاز صاحبہ (ممبر)
مسٹر عمر نسیم صاحب (جونیئر کلرک)

# کمیٹیاں

## داخلہ کمیٹی برائے حفظ قرآن

ڈاکٹر ریحانہ کوثر صاحبہ (انچارج) ڈاکٹر سعدیہ انور صاحبہ (ممبر)

## داخلہ کمیٹی برائے سپورٹس

مسز فرح حنیف صاحبہ (انچارج)

## ٹائم ٹیبل کمیٹی

ڈاکٹر نازیہ لطیف صاحبہ (انچارج)

## سٹوڈنٹس افیئرز کمیٹی + بک بینک کمیٹی

ڈاکٹر طیبہ رسول صاحبہ (انچارج)

## کالج پرچیز کمیٹی

مسز ثوبیہ افتخار صاحبہ (انچارج) ڈاکٹر سعدیہ انور صاحبہ (ممبر)

## فائن کلیکشن کمیٹی

مسز راحیلہ بتول صاحبہ (انچارج)

## رؤانڈ پیریڈ ڈیوٹی

مسز صائمہ ثاقب (انچارج)

## گرل گائیڈ کمیٹی

مس قرۃ العین علی صاحبہ (انچارج)

## ایڈمیشن انفارمیشن ڈیسک

★ محمد عمر چیمہ (سینئر کلرک انچارج) ★ مسز سعدیہ اسحاق صاحبہ (ممبر)

★ مس ریما اعجاز صاحبہ (ممبر) ★ مسز آسیہ امجد صاحبہ (ممبر) ★ محمد سلیمان اکرم (ممبر)

## OVER ALL INCHARGE OF INTERMEDIATE COMMITTEE داخلہ کمیٹی برائے (ایف اے، ایف ایس سی، آئی سی ایس)

★ مسز فرزانہ کوثر صاحبہ (وائس پرنسپل) (Over All Incharge)

**I.C.S کمیٹی:** مسز ثوبیہ افتخار صاحبہ (انچارج)

مسز جویریہ حنیف صاحبہ (ممبر) مسز عنبرین شاہد صاحبہ (ممبر) ڈاکٹر طیبہ رسول صاحبہ (ممبر)

**F.A کمیٹی:** ڈاکٹر نازیہ لطیف صاحبہ (انچارج)

مسز فرخ حنیف صاحبہ (ممبر) مسز کومل فرحت صاحبہ (ممبر) مسز نیلم نسیم صاحبہ (ممبر)

**F.Sc کمیٹی:** (پری میڈیکل اور پری انجینئرنگ) ڈاکٹر ریحانہ کوثر صاحبہ (انچارج)

مسز مریم ناز صاحبہ (ممبر) مسز ارم رمضان صاحبہ (ممبر) مس نورین اصغر صاحبہ (ممبر)

## داخلہ کمیٹی AD پروگرام (OVER ALL INCHARGE OF AD PROGRAMS)

★ مسز کرن سلطان صاحبہ (انچارج)

- **Dr. Sadia Anwar** (AD Aslamiyat) Member of AD Program
- **Ms. Kasoom Arshad** (AD Commerce)
- **Ms. Ammara Arshad** (AD Political Science)
- **Ms. Zoha Shabbir** (AD Fine Arts)

## فیس معافی کمیٹی

مسز سعدیہ ندیم صاحبہ (چیئرمین) مسز فرزانہ کوثر صاحبہ (وائس پرنسپل)

ڈاکٹر مسز سعدیہ انور صاحبہ (ممبر) مسز ثوبیہ افتخار صاحبہ (ممبر)

## داخلہ کمیٹی برائے سکینڈ شفٹ

مس ریما اعجاز صاحبہ (انچارج) مسز آسیہ صاحبہ (ممبر) مسٹر سلمان اکرم صاحب (ممبر)

## INCHARGE OF STUDENTS LEAVE RECORD

مسز فاطمہ صوفی صاحبہ (انچارج)

## INCHARGE OF STUDENTS ABSENTEE + OCTOBER TEST + TEST & PRE BOARD TEST REGISTERS

### F.A-I

★ مسز کومل فرحت صاحبہ (انچارج)

### F.A-II

★ مسز فرح حنیف صاحبہ (انچارج)

### F.Sc 1st Year
(Pre-Medical + Pre-Engineering)

★ مس نورین اصغر صاحبہ (انچارج)

### F.Sc 2nd Year
(Pre-Medical + Pre-Engineering)

★ مسز عنبرین شاہد صاحبہ (انچارج)

### ICS-I

★ مسز فاطمہ صوفی صاحبہ (انچارج)

### ICS-II

★ مسز جویریہ حنیف صاحبہ (انچارج)

## کینٹین کمیٹی

مسز راحیلہ بتول صاحبہ (انچارج)

مس پاکیزہ سجاد صاحبہ (ممبر) مس ضحیٰ شبیر صاحبہ (ممبر)

## ڈسپلین کمیٹی

مسز ارم رمضان صاحبہ (انچارج گراؤنڈ فلور)

مسز عنبرین احسن صاحبہ (انچارج فرسٹ فلور) مسز مریم ناز صاحبہ (انچارج گراؤنڈز)

## ڈینگی کمیٹی

★ مس نورین اصغر صاحبہ (فوکل پرسن) عاطف عارف (ممبر)

مسز ندا رفیق صاحبہ (معاون) اسد لیاقت (معاون)

مسز سعدیہ اسحاق صاحبہ (معاون) عابد علی (معاون)

## اُمور صفائی + گراونڈ انچارج کمیٹی:

★ مسز کومل فرحت صاحبہ (انچارج) ★ مسز فرح حنیف صاحبہ (ممبر)

★ مسز جویریہ حنیف صاحبہ (ممبر) ★ مس پاکیزہ سجاد صاحبہ (ممبر)

## Counselling Center Committee:

★ مسز سعدیہ ندیم صاحبہ (انچارج) مسز کرن سلطان صاحبہ (ممبر)

مسز ثوبیہ افتخار صاحبہ (ممبر) مسز ماہین صاحبہ (ممبر)

## Examination Committee:

★ مسز ثوبیہ افتخار صاحبہ (کنٹرولر انٹرمیڈیٹ لیول) مس ضحیٰ شبیر صاحبہ (ممبر)

★ مسز کرن سلطان صاحبہ (کنٹرولر ڈگری لیول) مس پاکیزہ سجاد صاحبہ (ممبر)

## Function + Seminar Committee:

★ مس ضحیٰ شبیر صاحبہ (انچارج) ★ مس پاکیزہ سجاد صاحبہ (ممبر)

## Media Co-ordinator:

★ مس قرۃ العین علی صاحبہ (انچارج مس ضحیٰ شبیر صاحبہ (ممبر)

## Controller of Examination Intermediate Level:

★ مسز ثوبیہ افتخار صاحبہ (انچارج

مس ضحیٰ شبیر صاحبہ (ممبر) مس پاکیزہ سجاد صاحبہ (ممبر)

## Controller of Examination Degree Level:

★ مسز کرن سلطان صاحبہ (انچارج مس عمارہ ارشد صاحبہ (ممبر)

# سالِ اول کے لیے داخلہ پالیسی

محکمہ تعلیم، حکومت پنجاب کے نوٹیفیکیشن کے مطابق مورخہ 12 جولائی 2003 پالیسی نمبر (A-1) No. S.O 7-6(84-2000(A-P) کے مطابق سال اول کی داخلہ پالیسی درج ذیل ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ☆ اوپن میرٹ | 94% | ☆ معذور کوٹہ | 2% |
| ☆ سپورٹس کوٹہ | 2% | ☆ اقلیتی کوٹہ | 2% |

نوٹ: سائنس کی طالبات کے لیے سپورٹس کا کوٹہ نہیں ہے۔ کھیلوں کی بنیاد پر داخلے کا استحقاق صرف آرٹس گروپ کی طالبات کے لیے ہے۔ کھلاڑی طالبات کے لیے کھیلوں کا سرٹیفکیٹ اور معذور طالبات کے لیے معذوری کا سرٹیفکیٹ سرکاری ہسپتال کے ایم۔ایس کا ہونا ضروری ہے۔

## لازمی مضامین برائے

O ایف۔ایس سی/ ایف۔اے/ آئی سی ایس

❖ اُردو ❖ انگریزی ❖ اسلامیات ❖ مطالعہ پاکستان ❖ ترجمہ القرآن المجید

نوٹ: غیر مسلم طالبات کے لیے اسلامی تعلیمات پڑھنے کی بجائے **(Ethic)** پڑھنے کی اجازت ہوگی۔

O اختیاری مضامین برائے ایف۔ایس سی (پری میڈیکل)

❖ فزکس ❖ کیمسٹری ❖ بیالوجی

O اختیاری مضامین برائے ایف۔ایس سی (پری انجینئرنگ)

نوٹ: پری انجینئرنگ گروپ میں داخلہ لینے والی طالبات کے ریاضی میں 70% نمبروں کا ہونا ضروری ہے۔

❖ فزکس ❖ کیمسٹری ❖ ریاضی

O اختیاری مضامین برائے آئی۔سی۔ایس

نوٹ: آئی۔سی۔ایس گروپ میں داخلہ لینے والی طالبات کے ریاضی میں 70% نمبروں کا ہونا ضروری ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| گروپ I: | ❖ ریاضی | ❖ کمپیوٹر سائنس | ❖ اکنامکس |
| گروپ II: | ❖ ریاضی | ❖ کمپیوٹر سائنس | ❖ شماریات |
| گروپ III: | ❖ ریاضی | ❖ کمپیوٹر سائنس | ❖ فزکس |

# اختیاری مضامین برائے ایف اے

نوٹ:۔غیر مسلم طالبات کے لئے (Ethic) اسلامی تعلمات پڑھنے کی بجائے اخلاقیات پڑھنے کی اجازت ہوگی۔

نوٹ: لازمی مضامین کے علاوہ طالبات کو درج ذیل گروپس میں سے ایک، ایک اختیاری مضمون منتخب کرنا ہوگا۔اس طرح تین گروپ میں سے کوئی سے تین اختیاری مضامین منتخب کرنے ہوں گے۔ ہر گروپ میں سے صرف ایک مضمون کا ہی انتخاب کیا جائے تو درست ہوگا۔

## گروپI:

- سوکس
- اکنامکس
- جغرافیہ
- فارسی

## گروپII:

- اسلامیات
- لائبریری سائنس
- ہوم اکنامکس
- ایجوکیشن

## گروپIII:

- فزیکل ایجوکشن
- نفسیات
- کمپیوٹر سائنس

# AD پروگرام سمسٹر سسٹم (ڈگری لیول)

(Affiliated with Punjab University)



- **AD Islamiyat**
- **AD Social Work**
- **AD Commerce**
- **AD Political Science**
- **AD Fine Arts (Specialization in Textile)**

# B.S English (4 Years Program)

(Affiliated with Lahore College for Women University)



# Science and Art Exhibition













# Inauguration of day care centre













# Fun Fair













# Fun Fair














# Annual Sports Day














# Annual Sports Day













# Annual Sports Day













# Visit Of Worthy DPI Syed Ansar Sahib & Director Of Education Dr. Ahsan Mukhtar Sahib














# 14th August Celebrations















# Mehfil-e-Milad-un-Nabi (SAW)













# Mehfil-e-Milad-un-Nabi (SAW)













# Teachers are the Gift from GOD

**Celebration of HED Best Teacher Award at GGCW Shalimar Town, Lahore**

**A prestigious ceremony was held at Govt. Graduate College for Women, Shalimar Town to honor Dr. Tayyba Rasool, Lecture in Library Science, on receiving the highly competitive HED Best Teacher Award on a KPI basis.**















# Our Pride....Our Alumni



## Imama Khalid

As a Lecturer with HED, Govt. of Punjab, and Assistant Director, DPI(C), Imama personifies the college's commitment to cultivating accomplished professionals and dedicated public servants.



## Sehar

A current FA (Physical Education) student and international medalist, Sehar won Silver at the World Vovinam Championship in Vietnam and Gold in the World Jiu-Jitsu E-Tournament.



## Hameeza Khan

I.Com Student to College Lecturer and now a Senior Banking Officer at Allied Bank-Hameeza Embodies Success Through Perseverance.




## Muskan

A national-level MMA athlete and Physical Education alumna, now proudly serving in the Pakistan Navy.



## Naila Siddique

An alumna who earned a degree in TESOL from LCWU, and joined the Police Department, empowered by her college journey.

# WORLD FOREST DAY











# YUME KASHMIR DAY






# CM LAPTOP SCHEME





## SHEROSE SUMMIT 2025 WOMEN DAY







## CULTURAL DAY





# داخلہ کے قواعد وضوابط

1- لاہور بورڈ کے نتائج کے اعلان کے بعد ایف ۔ اے، ایف ۔ ایس سی، آئی ۔ سی ایس، اور **AD** پروگرام میں داخلہ حکومت کی مقرر کردہ تاریخوں اور پالیسی کے مطابق ہوتا ہے۔

2- داخلے کی تاریخوں کی اطلاع اخبارات اور کالج کے باہر نوٹس بورڈ کے ذریعے دی جائے گی۔

3- کالج میں داخلے کے لیے درخواستیں مجوزہ فارم پر دی جائے جو کالج دفتر سے دستیاب ہے۔ ہر کیٹیگری کے لیے فارم پر علیحدہ خانہ دیا گیا ہے۔ طالبات جس کیٹیگری کے لیے داخلہ فارم جمع کروائیں، اسی خانے پر (✓) کا نشان ضرور لگائیں۔ ورنہ فارم مسترد کر دیا جائے گا۔ داخلہ حکومت پنجاب کی وضع کردہ پالیسی کے مطابق ہوگا۔

نوٹ: ایک وقت میں ایک فارم صرف ایک کیٹگری کے لئے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

4- آن لائن داخلہ کے لیے پراسپیکٹس فیس آن لائن **اکاؤنٹ نمبر PLS-0035520003 (دی بینک آف پنجاب)** میں جمع کروانا ہوگی۔

5- امیدوار داخلہ فارم کے ساتھ مندرجہ ذیل ضروری دستاویزات منسلک کریں۔

(الف) میٹرک، ایف ۔ اے/ ایف ۔ ایس سی پاس کردہ امتحان کے رزلٹ کارڈ کی تین (3) مصدقہ فوٹو کاپی۔

(ب) والد/سرپرست کے شناختی کارڈ کی مصدقہ فوٹو کاپی۔

(ج) سابقہ تعلیمی ادارے کے سربراہ سے حاصل کردہ کریکٹر سرٹیفکیٹ کی مصدقہ کاپی۔

(د) پرائیویٹ امتحان پاس کرنے والی طالبات علاقے کے ناظم / کونسلر/ افسر درجہ اول سے تصدیق شدہ کریکٹر سرٹیفکیٹ کی مصدقہ کاپی۔

(س) لاہور بورڈ کے علاوہ کسی اور بورڈ سے امتحان پاس کرنے کی صورت میں **اجازت نامہ تبدیلی بورڈ (NOC) سرٹیفکیٹ۔** (ناقابلِ واپسی)

(ش) معذور کوٹہ پر داخلے کی صورت میں قواعد کے مطابق معذوری کا مستند سرٹیفکیٹ۔

(م) کھیلوں کی بنیاد پر داخلے کے لیے کھیلوں کا سرٹیفکیٹ۔

(ن) تین (3) عدد تصاویر پاسپورٹ سائز اور 1.5 x 1.5 کی تصویر داخلہ کے وقت ساتھ لائیں۔ تصاویر کی پشت پر اپنا اور اپنے والد کا نام تحریر کریں۔ **تصاویر سفید بیک گراؤنڈ کے ساتھ اتروائیں۔**

6- حافظ قرآن طالبات کو 20 نمبر اضافی دیئے جائیں گے۔ بشرطیکہ وہ رجسٹرڈ ادارہ کی سند دکھائیں اور ٹیسٹ پاس کریں۔

-7 طالبات کا داخلے کے لیے خود حاضر ہونا لازم ہے۔صرف غیر معمولی حالات میں استثنیٰ ہوسکتا ہے۔

-8 طالبات کے لیے لازم ہوگا کہ وہ وقت مقررہ پر اپنے واجبات ادا کریں۔ ورنہ ان کا داخلہ منسوخ سمجھا جائے گا۔اور ان کی سیٹ اگلے امیدوار کو دے دی جائے گی۔معذور کوٹہ/سپورٹس کی بقایا سیٹیں اوپن میٹرک کے ذریعے پُر کی جائیں گی۔

-9 داخلہ کے وقت سیکشن الاٹ کر دیئے جاتے ہیں۔جن میں تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

# حاضری کے قواعد

-1 تمام طالبات سے حاضری میں باقاعدگی کی توقع کی جاتی ہے۔طالبات کے لیے لازم ہے کہ وہ بورڈ اور یونیورسٹی کی مقرر کردہ 75 فیصد حاضری کی شرط کو پورا کریں۔ بصورت دیگر ان کا داخلہ روک لیا جائے گا۔اور انہیں امتحان میں شرکت کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

-2 کھیلوں کی بنیاد پر داخلہ لینے والی طالبات کی حاضری کی شرح ہر مضمون میں 66 فیصد ہونا ضروری ہے۔

-3 تمام پریکٹیکل مضامین پر بھی اس کا اطلاق ہوگا۔

-4 دس دن سے زیادہ بغیر درخواست کے کالج سے غیر حاضر رہنے والی طالبہ کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔اور داخلہ فیس دوبارہ جمع کروانے پر دوبارہ داخلہ ہوگا۔ایسا سال میں صرف ایک بار ہوسکے گا۔

-5 کالج کے امتحانات سے دانستہ غیر حاضری پر فی پرچہ -/200 روپے جرمانہ ہوگا۔

-6 کالج میں آ کر کلاسز اٹینڈ نہ کرنے پر کالج کونسل کی طرف سے سپیشل جرمانہ ہوگا۔تیسری بار خلاف ورزی کرنے پر طالبہ کو کالج سے نکال دیا جائے گا۔

# مائیگریشن

ایک شہر کے کالج سے کسی دوسرے شہر کے کالج میں تبدیلی (مائیگریشن) گورنمنٹ آف پنجاب کی وضع کردہ پالیسی کے مطابق ہوتی ہے۔اس سلسلے میں۔

(الف) طالبات کسی بھی مقامی کالج سے مائیگریشن کے لیے درخواست دینے کی مجاز نہیں ہوں گی۔

(ب) کسی بھی دوسرے شہر کے کالج سے مائیگریشن صرف اسی صورت میں ممکن ہوسکتی ہے۔

(i) جب کالج میں سیٹ موجود ہو۔

(ii) طالبہ کے حاصل کردہ نمبر کالج کے میرٹ کے مطابق ہوں۔

(iii) مضامین کا گروپ وہی ہو جو کالج میں پڑھایا جاتا ہے۔

(ج) تبدیلی رہائش کا ثبوت مائیگریشن کی درخواست کے ساتھ منسلک ہونا چاہیے۔ یعنی والد کا ٹرانسفر سرٹیفکیٹ یا ریٹائرمنٹ/ تبدیلی رہائش کا دستاویزی ثبوت۔

# ادائیگی فیس اور جرمانہ جات

1- داخلے کے وقت فیسوں کی وصولی کا شیڈول بورڈ/ یونیورسٹی کی جانب سے مقرر کردہ تاریخوں کے مطابق ہوتا ہے۔

2- فیس فنڈز اور دیگر واجبات کا اطلاق گورنمنٹ/ بورڈ/ یونیورسٹی قواعد کے مطابق ہوتا ہے۔

3- اگر کسی طالبہ کو داخلہ کی اجازت مل جائے مگر وہ فیس و واجبات، مقررہ تاریخوں میں ادا نہ کر سکے تو اس کا داخلہ منسوخ سمجھا جائے گا۔ اور وہ سیٹ فہرست میں موجود اگلے نمبر والی امیدوار کو دے دی جائے گی۔

نوٹ: فیس اور فنڈز کی تفصیل آخری صفحے پر دی گئی ہے۔ علاوہ ازیں جرمانے کی تفصیل حسب ذیل ہوگی۔

| | |
|---|---|
| ☆ بغیر اجازت غیر حاضری فی پیریڈ | -/20 روپے |
| ☆ کالج کے امتحانات سے غیر حاضری | -/200 روپے فی پرچہ |
| ☆ پورے دن کی غیر حاضری | -/100 روپے |
| ☆ پریکٹیکل کاپی تاخیر سے چیک کروانے پر | -/100 روپے |
| ☆ بغیر درخواست دس دن غیر حاضری | نام کا اخراج |
| ☆ بے قاعدگی/ کالج کا نظم و نسق توڑنے پر | -/500 روپے |
| ☆ موبائل فون یا کیمرہ کالج لے کر آنے پر جرمانہ | -/1000 روپے |

نوٹ: والدین کی طرف سے تحریری درخواست کے بعد یہ چیزیں واپس کی جائیں گی۔

# فیس میں رعایت

1- آدھی ٹیوشن فیس کی رعایت کالج میں داخل کل طالبات کے دس فیصد کو دی جا سکتی ہے۔

2- اگر دو یا اس سے زائد حقیقی بہنیں کالج میں تعلیم پا رہی ہوں تو چھوٹی بہنوں کی آدھی ٹیوشن فیس معاف ہوگی۔

-3 فیس میں رعایت کے لیے درخواستیں کالج میں داخلہ کے وقت مقررہ تاریخوں میں ماہانہ آمدنی کے سرٹیفکیٹ کے ساتھ پیش کریں۔ان درخواستوں پر والد/ سرپرست کے دستخط لازمی ہیں۔ درخواستوں کے ساتھ یہ تصدیق نامہ منسلک ہو کہ طالبہ ان رعایتوں کی مستحق ہے۔ نیز خدانخواستہ والد کے نہ ہونے کی صورت میں ڈیتھ سرٹیفکیٹ فارم کے ساتھ منسلک کریں۔ مندرجہ بالا رعایت صرف استحقاق کی بنیاد پر دی جائے گی۔

-4 فیس میں رعایت بنیادی طور پر ایک سال کے لیے دی جاتی ہے اور اس شرط پر کہ طالبہ کی حاضری، امتحانی کارکردگی اور اخلاقی رویے اطمینان بخش ہوں۔ ورنہ آئندہ سال رعایت واپس لی جاسکتی ہے۔

-5 حکومت، بورڈ اور یونیورسٹی نیز فوج کی جانب سے دیئے جانے والے وظائف کالج میں جاری رہتے ہیں۔

-6 سرکاری وظائف استحقاق کی بنیاد پر ملتے ہیں۔

-7 وظائف کے لیے تمام درخواستیں پرنسپل صاحبہ کی معرفت دی جاتی ہیں۔

# کالج امتحانات

-1 دو سال کے تعلیمی عرصہ میں ایف۔ اے/ ایف۔ ایس سی اور آئی۔ کام، آئی۔ سی۔ ایس کے ماہانہ ٹیسٹوں کے علاوہ دو مرتبہ امتحان دسمبر اور مارچ (Pre Board) میں لیے جائیں گے کسی بھی مضمون میں وہ مسلسل ماہانہ ٹیسٹ میں غیر حاضر رہنے والی طالبات کے خلاف قواعد کے مطابق کارروائی ہو گی۔

-2 **AD** پروگرام کے پنجاب یونیورسٹی کے شیڈول کے مطابق امتحانات لئے جائیں گے۔

-3 تمام امتحانات بورڈ/ یونیورسٹی، کالج کی وضع کردہ پالیسی کے مطابق ہوتے ہیں۔ ثانوی تعلیمی بورڈ 75-1974 کے حکم کے مطابق گریڈ کا نظام رائج کیا گیا ہے۔ ثانوی تعلیمی بورڈ کے دیئے گئے قواعد کے مطابق گریڈ کا تعین جس میں طالبات کی تعلیمی استعداد اور اضافی تعلیمی سرگرمیوں، چال چلن اور اخلاق کی درجہ بندی کی جاتی ہے۔ یہ درجہ بندی طالبات کو دی جانے والی بورڈ کی اسناد پر منتقل کر دی جاتی ہیں۔

**-4 ایف (F) گریڈ حاصل کرنے والی طالبہ کا داخلہ نہیں بھیجا جائے گا۔**

-5 سال اول کا سالانہ امتحان بورڈ لے گا۔ سال دوم میں ترقی پانے کے لیے وہی طالبات حقدار ہوں گی جو بورڈ امتحان پارٹ ون

میں شرکت کریں گی۔ بصورت دیگر وہ فیل تصور ہوں گی۔

6- ایسی طالبات جو شریک امتحان نہ ہوں فیل تصور ہوں گی اور ان کے نام کالج رجسٹر سے خارج کر دیئے جائیں گے۔

7- اگر کوئی طالبہ امتحان میں ناجائز ذرائع استعمال کرتی ہوئی پکڑی جائے گی تو اس کے خلاف ڈسپلنری ایکشن لیا جائے گا۔

8- بوجہ بیماری امتحان نہ دینے کی صورت میں کنٹرولر امتحانات کالج کو میڈیکل سرٹیفکیٹ جمع کروانے والی طالبہ کو بعد میں امتحان دینا ہوگا۔ غیر حاضری کو فیل تصور کیا جائے گا۔ میڈیکل سرٹیفکیٹ دوران امتحان جمع کروانا ہوگا۔ میڈیکل سرٹیفکیٹ سرکاری ہسپتال کے ایم۔ ایس کا جاری شدہ ہونا چاہیے۔

9- ایک یا دو مضامین میں فیل ہونے والی طالبہ کو ری ٹیسٹ دینا ہوگا۔

10- ری ٹیسٹ میں حاضر ہونا ضروری ہوگا۔ اور ری ٹیسٹ کے لیے کسی قسم کا میڈیکل سرٹیفکیٹ یا ایمرجنسی کی درخواست نہیں کی جائے گی۔ اور غیر حاضری کو فیل تصور کیا جائے گا۔

# کالج کا نظم وضبط

## کالج کے نظم وضبط کو قائم رکھنے کے لیے طالبات کو ہدایات کی جاتی ہے کہ وہ

1- پابندی وقت کو ملحوظ خاطر رکھیں۔

2- طالبات صبح 8:00 بجے تک کالج پہنچ جائیں۔ اس کے بعد گیٹ بند کر دیا جائے گا۔

3- ڈیوٹی آفیسر پراکٹرز کی معاونت سے گیٹ پر طالبات کا یونیفارم چیک کریں گی۔ نامکمل یونیفارم کی صورت میں گیٹ پر ہی جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ لہٰذا طالبات مکمل یونیفارم میں کالج آئیں۔

4- طالبات اپنی شناخت کے لیے کالج ہذا میں کالج شناختی کارڈ (College I.D.Card) گلے میں لازمی پہن کر آئیں۔

5- کلاسوں میں نظم وضبط کو قائم رکھیں۔

6- کالج کے اندر اور باہر مہذب اور شائستہ رویہ اختیار کریں اور اعلیٰ اخلاق کا مظاہرہ کریں۔

7- کلاسز رومز، کوریڈور اور برآمدوں میں سنجیدگی اور خاموشی اختیار کریں۔ تاکہ ماحول کو خوشگوار بنایا جاسکے۔

8- صفائی نصف ایمان ہے لہٰذا کالج ہذا میں صفائی کا انفرادی طور پر خیال رکھیں اور کسی بھی جگہ کاغذ اور کوڑا پھینکنے سے اجتناب کریں۔

-9 فیس مقررہ تاریخ پر ادا کریں۔ پابندی نہ کرنے کی صورت میں جرمانہ کے ساتھ وصول کی جائے گی۔

-10 لائبریری کتب کی بروقت واپسی کو ممکن بنائیں۔

-11 ماہانہ ٹیسٹ کو یقینی بنانے کے لیے نہ صرف طالبات اپنی پڑھائی پر بھرپور توجہ دیں بلکہ بلاوجہ چھٹیاں کرنے سے گریز کریں۔ نیز حاضری کا تناسب کم ہونے کی صورت میں بورڈ/ یونیورسٹی رولز کے مطابق داخلہ روک لیا جائے گا۔

-12 خدانخواستہ شدید بیماری کی صورت میں میڈیکل سرٹیفکیٹ کے بغیر چھٹی نہ ہوگی۔ بغیر میڈیکل سرٹیفکیٹ مسلسل دس دن غیر حاضر رہنے کی صورت میں طالبہ کا نام خارج کر دیا جائے گا۔

-13 روزانہ نوٹس بورڈ پڑھنا عادت بنائیں تاکہ ہر بات سے پوری طرح آگاہ رہیں۔

-14 امتحان میں ناجائز ذرائع استعمال کرنے کی ہرگز کوشش نہ کریں۔

-15 سائنس کی طالبات پریکٹیکل کے دوران اوورآل (سفید کوٹ) استعمال کریں۔

-16 سائنس کی طالبات پریکٹیکل کے بعد اپنا سامان لیبارٹری اٹینڈنٹ کو واپس کر کے لیبارٹری سے نکلیں۔ سامان اِدھر اُدھر نہ چھوڑیں۔ نقصان ہونے کی صورت میں سامان کی قیمت ادا کرنا پڑے گی۔

-17 پھول نہ توڑیں۔ گملوں اور پودوں کو نقصان نہ پہنچائیں۔ غیر ذمہ داری کا ثبوت دینے والی طالبہ کے خلاف ڈسپلنری ایکشن ہوگا۔

-18 کالج اوقات میں طالبات کو باہر جانے کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔ براہ مہربانی سرپرست/ والدین انہیں کسی بھی مقصد کے لیے اپنے ساتھ لے جانے کی درخواست نہ کریں۔ نہ ہی طالبات کالج اوقات میں پرنسپل صاحبہ کی اجازت کے بغیر کسی سے ملاقات کر سکتی ہیں۔

-19 کالج میں کلاسز کے اوقات ختم ہونے کے بعد طالبات زیادہ سے زیادہ آدھ گھنٹہ کالج میں ٹھہر سکتی ہیں۔ اس کے بعد انتظامیہ ان کی حفاظت کی ذمہ دار نہ ہوگی۔

-20 **کالج میں موبائل فون ساتھ لانے کی اجازت نہیں ہے۔ اگر کوئی طالبہ اپنے ساتھ لائے گی تو چیکنگ ہونے پر موبائل فون ضبط کر لیا جائے گا اور جرمانہ کیا جائے گا۔**

-21 کالج کونسل اور تمام اساتذہ کو نظم وضبط کی خلاف ورزی کرنے والی طالبات کے لیے سزا تجویز کرنے کا اختیار حاصل ہے

-22 کالج کی حدود میں سٹکر لگا کر آنے یا دیواروں پر سٹکر چسپاں کرنے والی طالبہ کو جرمانہ کیا جائے گا۔

-23 طالبات کے لیے لازم ہے کہ وہ کسی قسم کا بائیکاٹ، ہڑتال یا دیگر کسی قسم کا احتجاج نہ خود کریں گی اور نہ دوسروں کو ایسا کرنے پر اکسائیں گی۔

-24 پرنسپل کالج کی ناظم اعلیٰ ہیں۔ انہیں اختیار ہے کہ وہ کالج کے نظم وضبط کو توڑنے، بے قاعدگی کرنے اور غلط رویہ رکھنے پر طالبات کو جرمانہ کر سکیں، مناسب سزا دے سکیں یا کالج سے نام خارج کر دیں۔

# رخصت کے قواعد

1- چھٹی کی تمام درخواستیں پرنسپل کے نام آنی چاہئیں۔

2- چھٹی کی درخواست پر والدین/سرپرست کے دستخط ہونا ضروری ہے۔

3- تمام حالات میں چھٹی سے پہلے درخواست دینا اور منظور کروانا لازمی ہے۔

4- حادثاتی امور میں دس دن تک رعایت پرنسپل کی مرضی سے مل سکتی ہے۔

5- بیماری کی صورت میں تین دن سے زائد چھٹی لینا ہو تو سرکاری ہسپتال کا میڈیکل سرٹیفکیٹ فراہم کریں۔

6- دس دن تک کالج سے غیر حاضر رہنے والی طالبہ کا نام کالج سے خارج کر دیا جائے گا۔

7- اگر کوئی طالبہ خدانخواستہ کسی متعدی مرض کا شکار ہو جائے تو اس کو صحت یاب ہونے تک گھر میں آرام وعلاج کرنا ہوگا اور اس دوران وہ کالج نہیں آسکتی تاوقتیکہ ڈاکٹر اسے شفایابی کا سرٹیفکیٹ نہ دے دیں۔

# کالج شناختی کارڈ

طالبات کے لیے لازم ہے کہ وہ بوقت داخلہ اپنا شناختی کارڈ بنوالیں۔ ہر طالبہ کے لیے لازم ہے کہ وہ کالج شناختی کارڈ ہر وقت اپنے پاس رکھے اور کسی بھی وقت طلب کرنے پر پیش کر سکے۔ کالج اوقات کے دوران کالج شناختی کارڈ اپنے پاس نہ رکھنے والی طالبہ کو جرمانہ ہوگا۔ نیز کارڈ گم ہو جانے کی صورت میں نیا کارڈ بنوانا لازمی ہوگا جس کے لیے مبلغ **-/500** روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔

# بک بنک

کالج کی مستحق طالبات کے لیے بک بینک کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ جو کہ انتہائی کامیابی کے ساتھ کافی حد تک طالبات کی ضروریات کو پورا کر رہا ہے۔ فارغ التحصیل ہونے والی طالبات اپنی استعمال شدہ کتب اس بنک میں جمع کروا دیتی ہیں۔ طالبات کی طرف سے عطیہ کی جانے والی کتب مستحق طالبات میں بغیر کسی امتیاز کے تقسیم کر دی جاتیں ہیں۔

# لائبریری

بیش قیمت ذخیرہ کتب پر مشتمل کالج میں ایک اعلیٰ درجہ کی لائبریری موجود ہے۔ جس سے استفادہ کرنے کے لیے طالبات کو درج ذیل قواعد وضوابط کا خیال رکھنا ہوگا۔

1- کالج طالبہ کو لائبریری کارڈ ایشو کیا جائے گا جس پر طالبہ کی تصویر چسپاں ہوگی۔

2- کالج کی طالبات ہفتہ تک کے لیے لائبریری سے کتابیں لے سکتی ہیں۔

3- مقررہ مدت سے زیادہ دیر تک کتابیں اپنے پاس رکھنے پر یومیہ 10 روپے کے حساب سے جرمانہ دینا ہوگا۔

4- کالج سے رخصت پر ہونے کے باوجود کتب مقررہ تاریخ تک واپس کرنا لازمی ہوگا اور اس سلسلے میں کوئی عذر قابلِ قبول نہ ہوگا۔

5- کتابوں کو کسی قسم کا نقصان پہنچانے یا نشان لگانے پر -/200 روپے فی غلطی جرمانہ عائد کیا جائے گا۔ طالبات کو چاہیے کہ کتاب جاری کروانے سے پہلے اچھی طرح دیکھ لیں اور کسی قسم کا نقص ہونے کی صورت میں لائبریرین کے علم میں لائیں۔

6- اپنے نام سے جاری کروائی جانے والی کتب کسی صورت میں دوسری طالبہ کے نام منتقل نہیں کی جاسکتی ہیں۔

7- حوالے کی کتابیں اور رسائل لائبریری سے جاری نہیں کیے جائیں گے۔

8- لائبریری ایک مطالعاتی کمرہ ہے جہاں کالج اوقات میں رسائل اور اخبارات دستیاب ہوتے ہیں۔ طالبات کو ہدایات کی جاتی ہے کہ فارغ وقت میں وہ اس سے بھرپور استفادہ کریں۔

9- طالبات لائبریری کے تقدس کو ملحوظ خاطر رکھیں اور بلاوجہ گفت وشنید سے اجتناب برتیں۔ تا کہ پُرسکون ماحول میں مطالعہ کیا جاسکے۔

# کالج چھوڑنے کے قواعد

کوئی بھی طالبہ والدین/سرپرست کی رضامندی کے ساتھ کسی بھی وقت کالج چھوڑ سکتی ہے۔ اس کے لیے ضروری ہے

1- کالج چھوڑنے کے لیے پرنسپل کے نام تحریری درخواست دینا ہوگی۔

2- کالج چھوڑنے کی درخواست پر والد/سرپرست کے دستخط ہونا لازمی ہیں۔

3- طالبات پر لازم ہوگا کہ جب تک باقاعدہ طور پر ان کا نام کالج سے خارج نہ ہوجائے وہ قواعد وضوابط کے مطابق کالج کے واجبات ادا کریں گی۔

4- کالج چھوڑنے سے پہلے کالج لائبریری سے لی گئی کتب کی واپسی کی رسید اور واجبات کی ادائیگی کی رسید پیش کرنا ہوگی۔

# کالج یونیفارم

## فرسٹ شفٹ کی طالبات کا یونیفارم۔

کالج کے تشخص کو نمایاں کرنے کے لیے طالبات کو یونیفارم پہننے کا پابند کیا جاتا ہے۔طالبات سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ باوقار لباس پہنیں اور سادگی کو اپنا شعار بنائیں۔ یونیفارم میں بغیر کڑھائی سادہ سفید سوتی قمیض شلوار اور دوپٹہ کے علاوہ درج ذیل چیزیں شامل ہیں۔

1- ایڑھی کے بغیر سیاہ بند جوتے / سیاہ جاگرز سردیوں کے موسم میں سیاہ جرسی / سیاہ شال سیاہ / سفید جرابوں کا استعمال۔

2- اگرچہ سکارف کالج یونیفارم میں شامل نہیں لیکن اگر طالبات سکارف استعمال کرنا چاہیں تو صرف سفید رنگ کا سادہ سکارف استعمال کر سکتی ہیں۔طالبات کے **دوپٹے شفون کہ نہ ہوں بلکہ کے ٹی کے ہوں۔**

کالج میں زیورات پہن کر آنا منع ہے۔زیورات پہن کر آنے والی طالبات کو ڈیوٹی افسران جرمانہ کرنے کی مجاز ہوں گی۔

کالج میں میک اپ کر کے آنا منع ہے۔

3- کالج کی طالبات کے لئے ڈوپٹوں کا رنگ۔

| FIRST SHIFT | |
|---|---|
| F.Sc / I.C.S / F.A-I سال اول | Light Purle Colour |
| F.Sc / I.C.S / F.A-II سال دوم | Light Pista Colour |
| AD Program | Yellow Colour |

## سیکنڈ شفٹ کی طالبات کا یونیفارم۔

1۔ سیکنڈ شفٹ کے لیے دوپٹے کا رنگ مندرجہ ذیل ہوگا۔

فرسٹ ایئر F.Sc + I.Com + ICS + F.A — فرسٹ ایئر کی تمام طالبات لائٹ پنک کلر کا دوپٹہ لیں گی۔

نوٹ: **دوپٹے شفون کہ نہ ہوں بلکہ کے ٹی کے ہوں۔**

سیکنڈ ایئر F.Sc + I.Com + ICS + F.A — سیکنڈ ایئر کی تمام طالبات (مہندی) کلر دوپٹہ لیں گی۔

نوٹ: **دوپٹے شفون کہ نہ ہوں بلکہ کے ٹی کے ہوں۔**

**نوٹ:** تمام طالبات کو ہدایت کی جاتی ہے کہ سفید یونیفارم پر مقرر کردہ کے ٹی کے ڈوپٹے استعمال کریں۔
شفون کے ڈوپٹے کالج میں بالکل استعمال نہ کئے جائیں۔

# Evening Classes 2nd Shift

## لازمی مضامین برائے

## ایف ایس سی / آئی سی ایس / آئی کام / پری میڈیکل

❖ اُردو ❖ انگریزی ❖ اسلامیات ❖ مطالعہ پاکستان ❖ ترجمہ القرآن المجید

نوٹ: غیر مسلم طالبات کے لیے اسلامی تعلیمات پڑھنے کی بجائے (Ethic) پڑھنے کی اجازت ہوگی۔

## اختیاری مضامین برائے آئی۔کام

نوٹ: اردو، انگریزی، مطالعہ پاکستان اور اسلامیات کے علاوہ ذیل میں دیئے گئے تمام مضامین اختیاری مضامین کے طور پر پڑھیں گی۔

❖ پرنسپل آف اکاؤنٹنگ ❖ پرنسپل آف اکنامکس ❖ پرنسپل آف کامرس ❖ بزنس میتھ

## اختیاری مضامین برائے آئی۔سی۔ایس

نوٹ: ایوننگ پروگرام میں آئی۔سی۔ایس گروپ میں داخلہ لینے والی طالبات کے ریاضی میں 60% نمبر ضروری ہیں۔

گروپ I: ❖ ریاضی ❖ کمپیوٹر سائنس ❖ فزکس

گروپ II: ❖ ریاضی ❖ کمپیوٹر سائنس ❖ شماریات

گروپ II: ❖ ریاضی ❖ کمپیوٹر سائنس ❖ اکنامکس

## اختیاری مضامین برائے ایف۔ایس۔سی (پری میڈیکل)

نوٹ: پری میڈیکل میں داخلہ لینے کیلئے میٹرک میں 60% فیصد نمبروں کا لینا ضروری ہے۔

❖ فزکس ❖ کیمسٹری ❖ بیالوجی

# اختیاری مضامین برائے ایف۔اے

نوٹ: لازمی مضامین کے علاوہ طالبات کو دیے گئے گروپس میں سے ایک ایک مضمون چننا ہوگا۔کوئی سے تین مضامین کا چناؤ کریں۔ہر گروپ میں سے صرف ایک کا ہی انتخاب کرنا ہوگا۔

گروپ I: ❖ اُردو اعلیٰ

گروپ II: ❖ سوکس ❖ اسلامیات (اختیاری)

گروپ III: ❖ نفسیات ❖ فزیکل ایجوکیشن

گروپ IV: ❖ ایجوکیشن

گروپ V: ❖ کمپیوٹر سائنس

## نوٹ:

**(F.A IT)** طالبات پڑھنے والی کم از کم **550** نمبروں کے ساتھ میٹرک سائنس اور کمپیوٹر سائنس والی طالبات کمپیوٹر کا مضمون رکھنے کی اہل ہونگی۔

# Fee Schedule/College Dues for The Year 2026

## Intermediate Classes Part-I (1st Shift)

| Sr. No | Description | F.A (Arts) | F.Sc(Science) | ICS |
|---|---|---|---|---|
| 1. | Tuition Fee | 600.00 | 600.00 | 600.00 |
| 2. | Admission Fee | 80.00 | 65.00 | 80.00 |
| 3. | Registration Fee | 2300.00 | 2300.00 | 2300.00 |
| 4. | Library Security Fee | 500.00 | 500.00 | 500.00 |
| 5. | Magazine Fund | 120.00 | 120.00 | 120.00 |
| 6. | Welfare Fund | 50.00 | 50.00 | 50.00 |
| 7. | General Fund | 50.00 | 50.00 | 50.00 |
| 8. | Medical Fund | 50.00 | 50.00 | 50.00 |
| 9. | Red-Crescent Fund | 60.00 | 60.00 | 60.00 |
| 10. | Science Breakage Fund | 180.00 | 180.00 | 180.00 |
| 11. | Examination Fund | 180.00 | 180.00 | 180.00 |
| 12. | Burqa Fund | 100.00 | 100.00 | 100.00 |
| 13. | Identity Card Fund | 50.00 | 50.00 | 50.00 |
| 14. | Computer Sc. Fee | 300.00 | 000.00 | 300.00 |
| 15. | Sports Fund | 180.00 | 180.00 | 180.00 |
| 16. | Affiliation Fund | 240.00 | 240.00 | 240.00 |
| | | | | |
| | Total: | 5040.00 | 4725.00 | 5040.00 |

# Fee Schedule/College Dues for The Year 2026

## Intermediate Classes Part-I (2nd Shift)

| Sr. No | Description | F.A (Arts) | ICS | I.COM | F.Sc(Science) |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | Tuition Fee | 600.00 | 600.00 | 600.00 | 600.00 |
| 2. | Admission Fee | 80.00 | 80.00 | 80.00 | 65.00 |
| 3. | Registration Fee | 2300.00 | 2300.00 | 2300.00 | 2300.00 |
| 4. | Library Security Fee | 500.00 | 500.00 | 500.00 | 500.00 |
| 5. | Magazine Fund | 120.00 | 120.00 | 120.00 | 120.00 |
| 6. | Welfare Fund | 50.00 | 50.00 | 50.00 | 50.00 |
| 7. | General Fund | 50.00 | 50.00 | 50.00 | 50.00 |
| 8. | Medical Fund | 50.00 | 50.00 | 50.00 | 50.00 |
| 9. | Red-Crescent Fund | 60.00 | 60.00 | 60.00 | 60.00 |
| 10. | Science Breakage Fund | 180.00 | 180.00 | 180.00 | 180.00 |
| 11. | Examination Fund | 180.00 | 180.00 | 180.00 | 180.00 |
| 12. | Burqa Fund | 100.00 | 100.00 | 100.00 | 100.00 |
| 13. | Identity Card Fund | 50.00 | 50.00 | 50.00 | 50.00 |
| 14. | Computer Sc. Fee | 300.00 | 300.00 | | |
| 15. | Sports Fund | 180.00 | 180.00 | 180.00 | 180.00 |
| 16. | Affiliation Fund | 240.00 | 240.00 | 240.00 | 240.00 |
| 17. | 2nd Shift Fee | 3600.00 | 3600.00 | 3600.00 | 3600.00 |
| | Total: | 8640.00 | 8640.00 | 8340.00 | 8325.00 |

GOVT. GRADUATE COLLEGE FOR WOMEN SHALIMAR TOWN CHINA SCHEME LAHORE

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین شالامار ٹاؤن لاہور

EDUCATE HER EMPOWER THE WORLD


**Tel: 042-36880186, 36880281**

**Website: www.gcws.edu.pk**

**gcwslhr**